لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ محرم الحرام ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۰ اگست ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت ڈاکٹر جگناتھ صاحب	۱
۲	تنسیخ رخصت انسپکٹر چونگی۔	۲
۳	بابت وضاحت روبکار ۳ جون ۱۹۲۳ء متعلقہ مستاجران [illegible]	″
۴	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۸ اگست ۱۹۲۳ء

حسب سفارش صاحب اسسٹنٹ سرجن۔ ڈاکٹر جگناتھ صاحب کی مزید رخصت ایک ماہ بوجہ علالت بسلسلہ رخصت سابقہ منظور کی گئی۔ لیکن دوران ایام رخصت میں ڈاکٹر صاحب موصوف صرف ایکبار چار یوم کیواسطے کہیں باہر جاسکنے کے مجاز ہونگے۔ باقی ایام ہیڈ کوارٹر میں رہینگے۔

منسوخ رخصت

۱۰ر اگست ۱۹۲۳ء

حسب ملاحظہ رپورٹ صاحب میونسپل افسر - مزید رخصت یک ماہ سید سکندر شاہ انسپکٹر چنگی جو ۱۳ر جولائی ۱۹۲۳ء بوضع تنخواہ منظور ہوئی تھی - بوجہ حاضری نامبردہ بخدمت متعلق منسوخ کی گئی -

روبکار اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۹ر جولائی ۱۹۲۳ء

متعلقہ روبکار بندگان حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۳ر جون ۱۹۲۳ء

جو آراضیات مستاجران نے اپنے یا اپنے اعزا و ملازمین یا کارکنان کی کاشت میں لے لی ہیں انکی بیدخلی وغیرہ کی بابت روبکار اجلاس ہمایون صدورہ تاریخ ۳ر جون ۱۹۲۳ء شائع ہو چکا ہے - تعمیل احکام روبکار مذکور کیلئے بعض امور کی وضاحت ضروری ہے - لہذا احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہیں -

(۱) جو مستاجر حسب دفعہ ۴ روبکار مذکور درخواست پیش کرے اسکو چاہئے کہ ایک نقشہ حسب نمونہ منسلکہ پٹواری سے مرتب کرا کے ہمراہ درخواست پیش کرے -

(۲) اگر حسب دفعہ (۱) روبکار ہذا مستاجر درخواست کے ساتھ نقشہ مذکور پیش نکریگا تو ذریعہ اجلاس ہذا نقشہ مذکور طلب کرنے کے لئے دو روپیہ کا ٹکٹ طلبانہ درخواست کے ساتھ پیش کرنا لازم ہوگا

(۳) ہر دو صورت مین تصدیق نقشہ کے لئے پٹواری و ترتیب دہندہ نقشہ کی طلبی لازم ہوگی اور اسکی طلبی کے لئے طلبانہ حسب ضابطہ اور زر خوراک داخل کرنا مستاجر کے ذمہ ہوگا -

(۴) درخواست حسب دفعہ ۴ مذکورہ پر دو روپیہ کا کورٹ فیس لگانا ہوگا -

(۵) جو نگرانی حسب دفعہ ۹ روبکار اجلاس ہمایون اجلاس ہذا مین پیش کیجائیگی اسکی ترتیب اسی طریقہ پر ہوگی جو دیگر نگرانی کے لئے دستور العمل مین مروج ہے - اور اس نگرانی کی میعاد بھی وہی ہوگی جو ضمیمہ دوم دستور العمل مین نگرانی کے لئے مقرر ہے - اور اس نگرانی کا کورٹ فیس بھی حسب ضمیمہ مذکور ادا کرنا ہوگا -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون - نقل فائل بک مین چسپان کیجائے - یہ روبکار معہ نقشہ و روبکار ۳ر جون ۱۹۲۳ء تعداد ایکہزار جلد بصورت کتابی طبع ہوکر ناظر اجلاس کے پاس رہے - جس شخص کو خریدنا ہو وہ بقیمت ناظر اجلاس سے خرید کرے - ناظر اجلاس تخمینہ طبع پیش کرین اور جلد سے جلد طبع کرائین اور بعد طبع حساب پیش کر کے قیمت تجویز کرالین اور حساب فروخت باقاعدہ رکھا جائے - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری

نمبر موضع	نام مستاجر اول	نام مستاجر دوم	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲